Investors Awareness Program
AN INITIATIVE OF LAHORE STOCK EXCHANGE

ہدایات برائے سرمایہ کار

لاہورسٹاک ایکسچینج ،بشمول دوسرے متعلقہ ادارے یعنی سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان اورنیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان، اس چیز کویقینی بنانےمیں کوشاں ہیں کہ ہماری مارکیٹ کےادارے شیئرز کی خریدوفروخت، منتقلی اورحوالگی میں ہرممکن سہولت اور تحفظ فراہم کرنےوالےہوں۔

سرمایہ کاری کے مناسب تحفظ کے لیےلازمی ہے کہ سرمایہ کارخودبھی اپنے سرمائے کی حفاظت کے انتظامات کرے۔
اس سلسلے میں انویسٹرزپرزوردیاجاتاہے کہ وہ مندرجہ ذیل اقدامات پر مکمل طورپر عمل کریں:

- کسی بھی بروکریج ہاؤس کے ساتھ کام شروع کرنے سے پہلے اس ہاؤس کی برانچ اور ایجنٹوں کی رجسٹریشن اور مارکیٹ میں اس کی ساکھ کے متعلق تصدیق کرلیں۔
- بروکر کے پاس کاروباری اکاؤنٹ کھلوانے سے پہلے Standardized Account Opening Form کو اچھی طرح پڑھیں اور سمجھیں اور اس پر اپنے رابطے کی تفصیلات (خط وکتابت کاپتہ، ای میل، فون اور موبائل وغیرہ) فراہم کریں اور بروکر سے اس فارم کی فوٹوکاپی حاصل کریں جس پر آپ کاٹریڈنگ آئی ڈی اور UIN واضع طورپردرج ہوں۔ نیز اس فارم پر کسی بھی شخص کو غیرضروری طورپر اپنے اکاؤنٹ سے خریدوفروخت کی اجازت نہ دیں۔
- اپنے بروکر کے ذریعے CDC Sub-Account کھلوائیں۔ اس فارم کو احتیاط سے پڑھیں اور بروکر سے اس کی کاپی حاصل کریں جس پر آپ کے رابطے کی تفصیلات اور CDC Sub-Account نمبر واضع طورپردرج ہوں۔
- اپنے سرمایہ کی مکمل نگرانی اور حفاظت کے لیے CDC کی "Investor Account Service" فعال رکھنے کواہمیت دیں۔
- اپنے بروکر کے ذریعے CDC کی مفت SMS اور e-Statement سروس کے حصول کویقینی بنائیں اوراطمینان کرلیں کہ آپکواپنے اکاؤنٹ میں ہونے والے ہرلین دین پر اس کی SMS اور Email باقاعدگی سے موصول ہورہی ہیں۔ نیز e-Statement کی ماہانہ وصولی کوبھی یقینی بنائیں۔
- نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (NCCP) کی طرف سے جاری کیا جانے والا مخصوص شناختی نمبر Unique Identification Number (UIN) حاصل کریں۔ ایک انفرادی پاکستانی کے لیے اس کاشناختی کارڈ نمبرہی اسکا UIN ہوتاہے۔
- اپنے UIN اکاؤنٹ میں ہونے والی سرگرمی کا مشاہدہ کرنے کے لیے NCCPL کی ویب سائٹ پر UIN Information System کی سہولت باقاعدگی سے استعمال کریں۔
- اپنے بروکر سے اصرار کریں کہ وہ آپ کے آرڈرز آپکے اپنے UIN کے ذریعے ہی لگائے اور ان کو کسی دوسرے UIN میں نہ ڈالے کیونکہ یہ غیرشفاف ہے۔
- اگر آپ CDC کی IVR (Interactive Voice Response) اور e-statement کی سہولت استعمال نہیں کر رہے تو پھر بروکر سے اپنی Account Statement باقاعدگی سے حاصل کریں نیز CDC کے کسی بھی دفتر سے SubAccount Statement بھی حاصل کریں۔ اس چیز کا اطمینان کریں کہ بروکر اور CDC کی Statements آپس میں مطابقت رکھتی ہیں اور آپ کے اپنے حساب کتاب کے مطابق درست ہیں۔
- کسی بھی بروکر کے پاس کسی طے شدہ آمدن (Fixed Return) کے لیے پیسہ نہ رکھوائیں کیونکہ یہ غیرقانونی ہے۔
- ہمیشہ لین دین بروکر کے رجسٹرڈ دفتر کے نام پر ہی کریں اور ہر ادائیگی کی رسید ضرور وصول کریں۔
- تمام ترٹیکسز مثلاً Capital Gain Tax، CVT اور Advance Withholding Tax وغیرہ حکومت پاکستان کی مقرر کردہ شرح پر واجب الادا ہوتے ہیں اور کوئی بھی بروکر ان کی شرح میں نرمی نہیں کرسکتا۔ ایسا کرنے والا بروکر دھوکادہی اور غلط طورپر ٹریڈنگ میں ملوث ہوسکتا ہے۔
- اس چیز کو یقینی بنائیں کہ تمام متعلقہ ریکارڈ میں آپ کے رابطے کی درست تفصیلات موجود ہوں۔ رابطے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں بروکر کے پاس آپکا اکاؤنٹ، UIN اور CDC Sub-Account میں فی الفور اس کا اندراج کرائیں۔

اپنےاکاونٹ میں کسی بھی قسم کےفرق یا بروکر کےمشکوک رویہ کےبارےمیں فوراً لاھورسٹاک ایکس چینج، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان یا نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان کو درج ذیل رابطوں پر اطلاع کریں۔

PAKISTAN STOCK EXCHANGE LIMITED

CENTRAL DEPOSITORY COMPANY
Ph: +92-21-111-111-500
Fax: +92-21-3432 6031
Email: info@cdcpak.com
www.cdcpakistan.com

National Clearing Company
Ph: +92-21-32460811-19
Fax: +92-21-3246 0827
Email: info@nccpl.com.pk
Web: www.nccpl.com.pk

LSE Corporate Communications Department/2013